www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

Series : WXYZ/S

SET ~ 4

Q.P. Code 30/S

رول نمبر
Roll No.

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

نوٹ :

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔

(II) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**

(V) سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

#

اُردو (الیکٹو)

URDU (Elective)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۸۰

Maximum Marks : **80**

Time allowed : **3** hours

Prepp
Your Personal Exams Guide

عام ہدایات :

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس میں کل 11 سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ۔الف**، میں سوال نمبر 1 تا 8 عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب فہمی پر مبنی ہیں۔

(iv) **حصہ۔ب**، میں سوال نمبر 9 تا 11 اردو زبان و ادب کی تاریخ سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(v) مخصوص ہدایات کے مطابق سوال حل کیجیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

General Instructions :

(i) Question paper is divided into **2** Sections.

(ii) It has total **11** Questions.

(iii) **Section A** : Q. No. **1** to **8**

(iv) **Section B** : Q. No. **9** to **11**

(v) Attempt questions as per specific instructions.

(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

حصّہ۔الف : عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب (50 نمبر)

SECTION A : Comprehension and Text books ***(50 Marks)***

1. درج ذیل نثری درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ *5×2=10*

(a) خاتون نے دفتر میں جا کر رجسٹر میں اپنا نام درج کیا اور اوپر چلی گئیں، گیسٹ ہاؤس سنسان پڑا تھا۔ سیاحوں کی ایک ٹولی ابھی ابھی آگے روانہ ہوئی تھی اور بیرے کمرے کی جھاڑ پونچھ کر چکے تھے۔ تانبے کے گلدان تازہ پھولوں کے انتظار میں ہال کے فرش پر رکھے جھل جھل کر رہے تھے اور ڈائننگ ہال میں دریچے کے نیچے سفید برّاق میز پر چھری کانٹے جگمگا رہے تھے۔ نووارد خاتون درمیانی بیڈ روم میں سے گذر کر پچھلے کمرے میں چلی گئیں اور اپنا سامان رکھنے کے بعد پھر باہر آ کر جھیل کو دیکھنے لگیں۔ چائے کے بعد وہ خالی سٹنگ روم میں جا بیٹھیں اور رات ہوئی تو جا کر اپنے کمرے میں سو گئیں۔ گلیارے میں سے کچھ پرچھائیوں نے جھانکا تو وہ اُٹھ کر دریچے میں گئیں جہاں مزدور دن بھر کام کرنے کے بعد سیڑھی دیوار سے لگی چھوڑ گئے تھے۔ گلیارا

بھی سنسان پڑا تھا۔ وہ پھر پلنگ پر آ کر لیٹیں تو چند منٹ بعد دروازے پر دستک ہوئی۔ انھوں نے دروازہ کھولا باہر کوئی نہ تھا۔ سٹنگ روم بھائیں بھائیں کر رہا تھا، وہ پھر آ کر لیٹ رہی، کمرہ بہت سرد تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(ii) خاتون نے گیسٹ ہاؤس میں داخل ہونے کے بعد کیا کیا کیا؟

(iii) گیسٹ ہاؤس سنسان کیوں پڑا تھا؟

(iv) اقتباس میں گلیارے کا ذکر کس طرح کیا گیا ہے؟

(v) درج ذیل کے مطلب بتائیے :

"جھل جھل کرنا"۔ "بھائیں بھائیں کرنا"

OR / یا

(b) امرتسر سے ڈاکٹر اشرف اور میں لاہور آئے اور میاں افتخار الدین کے یہاں ٹھہرے۔ میاں صاحب نے علامہ اقبال سے ہمارے ملنے کا وقت مقرر کیا۔ ہم تیسرے پہر، چائے کے بعد ان کی کوٹھی پر پہنچ گئے۔ گرمیوں کے دن تھے اور اقبال اپنی کوٹھی کے باہر ایک کھردری بان کی چارپائی پر نیم دراز اپنے بستر کا تکیہ لگائے بیٹھے تھے اور حقّہ پی رہے تھے۔ وہ اشرف اور مجھ سے بڑے تپاک اور شفقت سے ملے۔ ان کے پلنگ کے گرد جو تین چار مونڈھے رکھے ہوئے تھے ہم ان پر بیٹھ گئے۔ ہم دونوں ڈاکٹر صاحب کے داہنے طرف تھے۔ اقبال سے پہلی بار ملاقات کا تجربہ میرے لیے کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ ان کا کلام بچپن سے ہمارے ذہن اور روح بلکہ خون میں رچا ہوا تھا۔ چھوٹی عمر میں جب ہماری زبان میں لکنت تھی، ہم کو ان کے قومی اور ملی ترانے یاد کرائے گئے تھے۔ جوں جوں عمر بڑھی اور شعور آیا مسدّس حالی کے ساتھ ساتھ شکوہ، جواب شکوہ، شمع اور شاعر کے بیشتر حصّے وردِ زبان رہتے تھے۔ انگلستان کی تعلیم کے زمانے میں اقبال کا فارسی کلام پڑھتے رہے۔ میں خود جب اپنی ذہنی اور ادبی تربیت کے متعلق اپنی طالب علمی کے زمانے کا خیال کرتا ہوں تو اُردو کے شاعروں میں انیس، غالب، حالی اور اقبال کا اس میں سب سے زیادہ حصّہ نظر آتا ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور یہ ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

Prepp
Your Personal Exams Guide

(ii) اس اقتباس کے راوی کون ہیں اور وہ کس کے ساتھ اقبال سے ملاقات کرنے گئے؟

(iii) کوٹھی پر اقبال کو کس حال میں پایا؟

(iv) مصنّف کو اپنے بچپن کی جو باتیں یاد آئیں اُن میں سے کوئی دو باتیں لکھیے؟

(v) مصنّف کو اپنی ادبی تربیت کے سلسلے میں کیا نظر آتا ہے؟

.2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1\times5=5$

(i) سفر نامہ کسے کہتے ہیں؟ اُردو کے پہلے سفر نامہ کے بارے میں بتائیے۔

(ii) تنقیدی مضمون کسے کہتے ہیں۔ ایک تنقید نگار کس طرح ادبی تخلیق کی تنقید کرتا ہے؟

.3 درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ $2\times2\frac{1}{2}=5$

(i) ”مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں“۔ غالبؔ نے اپنے ایک خط میں یہ بات کیوں لکھی؟

(ii) خوجی اور آزاد کے کرداروں میں کیا مطابقت ہے؟

(iii) افسانہ ”لمحے“ کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(iv) اختر الایمان کسی ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہ جم سکے؟

.4 درج ذیل درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ $5\times2=10$

(a)

زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیت قلب و جگر بھی ہوگی

منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے
دردمندوں کی وہی راہ گزر بھی ہوگی

(i) درج بالا اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلے شعر میں کون سی شعری صنعت پائی جاتی ہے؟

(iii) دوسرے شعر میں قلب و جگر کی کس کیفیت کا ذکر کیا گیا ہے؟

(iv) گردِ سفر سے کیا مراد ہے؟

(v) دردمندوں کی کون سی راہ گذر ہے؟

OR / یا

(b)
سمجھے گا زمانہ تیری آنکھوں کے اشارے　　دیکھیں گے تجھے دور سے گردوں کے ستارے
ناپید ترے بحرِ تخیل کے کنارے　　پہنچیں گے فلک تک تری آنکھوں کے شرارے
تعمیرِ خودی کر، اثرِ آہِ رسا دیکھ

(i) درج بالا شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلے مصرعے میں لفظ ''تیری'' کس کے لیے استعمال ہوا ہے؟

(iii) دوسرے مصرعے کا مطلب ہے کہ ''تیرے تخیل کے سمندر کے کنارے لا محدود ہیں''۔ اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) اس اقتباس کے قافیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(v) 'تعمیرِ خودی' کا کیا مفہوم ہے؟

5. درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

(i) غزل کی تعریف بیان کیجیے اور اس کی ہیئت کے بارے میں بھی بتائیے۔

(ii) نظم کی اقسام کے بارے میں تفصیل سے بتائیے۔

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

.6 درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ $2\times2\frac{1}{2}=5$

(i) شاعری میں خود کلامی کا کیا مطلب ہے؟

(ii) جاں نثار اختر کی غزل کی روشنی میں گل رنگ دریچوں کا مطلب بتائیے۔

(iii) نظم ''گورِ غریباں'' میں کہن سال دہقاں کیا کہتا ہے؟

(iv) روح ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے؟

.7 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ $1\times4=4$

(i) چے خف کے حالاتِ زندگی اور ان کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیے۔

(ii) کہانی 'جلتی جھاڑی' کا خلاصہ لکھیے۔

.8 درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ $2\times3=6$

(i) ''جلتی جھاڑی'' میں نرمل ورمانے مسافر کی کن کیفیات کا ذکر کیا ہے؟

(ii) افسانہ ''جھلتی جھاڑی'' کو مختصراً اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

(iii) چیر ویاکوف اور جنرل بری ژالوف کے کرداروں پر تبصرہ کیجیے۔

(iv) کہانی 'کلرک کی موت' میں چیر وکوف کی موت کا سبب کیا تھا؟

حصّہ۔ب : اُردو زبان وادب کی تاریخ (30 نمبر)

SECTION B : History of Urdu Literature (*30 Marks*)

.9 درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ $3\times5=15$

(i) سر سید احمد خاں کی تحریک کو علی گڑھ تحریک کیوں کہا جاتا ہے؟

(ii) دبستانِ دہلی کا موازنہ عام طور پر دبستانِ لکھنؤ سے کیوں کیا جاتا ہے؟

(iii) انگریزوں کی حکومت نے فورٹ ولیم کالج کیوں قائم کیا تھا؟

(iv) اُردو زبان کے آغاز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(v) ترقی پسند تحریک سے وابستہ دو اہم ادیبوں کے بارے میں لکھیے۔

.10 درج ذیل سوالات کے مختصر کے جوابات لکھیے۔ $2\times5=10$

(i) ”اقبال کی شاعری ایک پیغام ہے“اس قول کی وضاحت کیجیے۔

(ii) ”غالب نے جو اسلوب اختیار کیا اس کی نقل کسی سے بھی ممکن نہ ہو سکی“۔اس قول کی وضاحت کیجیے۔

.11 درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ $5\times1=5$

(i) درج ذیل میں سے کون شاعر کی حیثیت سے مشہور **نہیں** ہے؟

(A) احتشام حسین (B) اقبال

(C) الطاف حسین حالی (D) ن۔م۔راشد

(ii) ’دبستان‘ کے کیا معنی ہیں؟

(A) ادبی تحریک (B) ادبی رجحان

(C) ادبی اسکول (D) ادبی نشست

(iii) افسانہ ”لمحے“ کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(A) کنھیّالال کپور (B) اقبال مجید

(C) قرۃ العین حیدر (D) بلونت سنگھ

(iv) ”بانگِ درا“کس مشہور شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) نظم طباطبائی (B) اقبال

(C) غالب (D) آرزو لکھنوی

(v) اختر الایمان کی آپ بیتی کا نام کیا ہے؟

(A) یادوں کی بارات (B) اعمال نامہ

(C) اس آباد خرابے میں (D) کالا پانی